روزنامہ بارڈر لائن لاہور
DAILY SYSTEM LAHORE روزنامہ سسٹم لاہور
Email:systemlahore@gmail.com



نیزہ بازی کے مقابلوں میں یاسر سلطان میو کی جیت

پاکستان کے عوام کے لئے بہت بڑی خوشی اور مسرت کا پیغام دیتی ہے

حکومت وقت سے یہ مطالبہ ضرور کریں گے کہ برکی ہڈیارہ روڈ کو یاسر سلطان میو کے نام منسوب کیا جائے تا کہ مستقبل میں کھلاڑیوں کا ارتقائی مقام انفرادی سطح پر سامنے آسکے

تحریر: نواب ناظم
0300-4326998

وطن عزیز میں بغور حالات کا مشاہدہ کیا جائے تو جو حقائق کھل کر سامنے آتے ہیں انہیں محض تلخ کہنے سے بات نہیں بنتی ۔ملک کی سیاست صنعت وحرفت اور انسانی کارکردگی کا علم بھی چند مخصوص طبقہ کے ہاتھوں میں ہے بلکہ یوں کہا جاسکتا ہے کہ زندگی کے ہر شعبہ پر مخصوص افراد کی گرفت بہت مضبوط ہے ایسے ماحول کے پس منظر میں کسی عام گھرانے کے سپوت کا کسی شعبہ میں اہم ارتقائی قدم اٹھانا اور اپنی انفرادی حیثیت کے ساتھ وطن کی شہرت اور انسانی ارتقائی عظمت کے لئے کامیابی سے قدم اٹھانا آسان نہیں ہے کیوں کہ حالات کا گھیرا انہیں اس قدر سختی سے گھیرے ہوئے ہے کہ وہ اعلی تعلیم صنعت و حرفت کا شعبہ اور زندگی کے ارتقائی امور پر آسانی سے ہاتھ نہیں ڈال سکتے۔ ایسے ہی مسائل ومصائب کا سامنا بھی یاسر سلطان میو برکی ہڈیارہ لاہور کے ایک پسماندہ گاؤں گھنیکے میں پیدا ہونے والا موصوف نوجوان ان تمام درپیش مشکلات کے باوجود کھیلوں کے شعبہ میں ایسے آگے بڑھا ہے کہ جو دیکھتا سنتا ہے اسے شاباش و تحسین سے نوازتے ہوئے عش عش کر اٹھتا ہے۔کیوں کہ اس دور افتادہ بارڈر بلٹ کے چھوٹے سے گاں میں جنم لینے والے نوجوان یاسر سلطان نے اولمپک کیمز میں نیزہ بازی کا کمال دکھا کر اپنے سارے پسماندہ علاقہ میں گم نامی کے اندھیرے دور کر کے شہرت کے چراغ روشن کر دیئے ہیں۔اس نے باوجود علاقائی دشواریوں اور ایک سادہ چھوٹے کاشتکار کے گھرانے کے باوجود لاہور کے پسماندہ سرحدی علاقے کو عالمی سطح کی شہرت پر فائز کر دیا۔ اس دورانیہ میں اس کے عزم کامل استقلالی جذبے نے اسے والدین اور مخلص احباب کی دعاؤں سے کم نہیں وسائل کے باوجود نیزہ بازی میں عالمی شہرت کے پایہ کی سطح کو چھولیا ہے باوجود مشکلات باوجود کم وسائل کے یاسر سلطان نے وہ میدان مار لیا جو سیکڑوں ہزاروں کھلاڑیوں کی انتہائی ارتقائی خواہش ہوتی ہے۔اس کے باوجود موصوف کے دل میں اگر کوئی اور خواہش ہے تو وہ یہی ہے کہ وہ اپنے وطن اور اپنے خاندان برادری کا سپوت ہونے کی حیثیت سے ترقی کے مزید زینے طے کرے۔ یاسر سلطان کا کہنا ہے کہ مجھے اس اعلی کامیابی کے باوجود مزید خواہش یہی ہے کہ جو کامرانی مجھے اب ملی ہے اس کا راستہ مزید کھلتا جائے اور میں اپنے پسماندہ علاقے کے لوگوں کے لئے مزید ترقیوں کا راستہ کھول سکوں جس سے میرے وطن میرے علاقے کے دیگر نوجوان بھی فضول قسم کے ناپسندیدہ راستوں پر چلنے کی بجائے ایسی راہ اختیار کریں جو بلندیوں اور کامیابیوں کی ہر منزل کی نشاندہی کرتی ہیں ۔۔یاسر سلطان کی دلی آرزو ہے کہ اس کے علاقے کے وہ نوجوان جو منشیات اور دیگر برائیوں کی راہ پر چل رہے ہیں وہ صحت مند ماحول کی راہ اپنا لیں اپنی صحت کو محفوظ کرتے ہوئے اپنے والدین وطن کے سارے لوگ چاہتے ہیں کہ میرے جیسے فرزندان وطن، وطن عزیز اور پوری میو قوم کے افراد کی دعائیں میرے ساتھ ہیں میں انشا اللہ آنے والے ایام میں انفرادی اجتماعی سطح پر میں کامیاب وکامران رہوں گا اور حتی الوسع میری کوشش ہوگی کہ میں اپنے وطن اور اپنے میو قبائل کا نام روشن کروں ۔ ایسی صورت حال کے تناظر میں واضح طور پر کہہ سکتا ہوں جس طرح میں نے ادب اور صحافت کے ماحول میں قدم آگے بڑھائے اور مالک و خالق نے مجھے کامیابیاں اور کامرانیاں عطا کیں اس کے پس منظر میں میری یہ خواہش ہے کہ اس سلسلے میں جو رکاوٹیں جو مشکلات مجھے پیش آئیں اور ایک اچھا قلمکار بننے میں جن مصائب ومسائل نے مجھے گھیرا اور ابتدائی مراحل میں متعدد ملعونوں کے طنز وتشنیع کے نشتروں کا سامنا کرنا پڑا۔خدا کرے کہ اس راہ میں ہر نیا آنے والا نوجوان ان مراحل سے محفوظ رہے جو پہاڑ کی سی رکاوٹوں سے ممتیز ہوتے ہیں ۔ میں یہ ضرور کہوں گا کہ میں آج بھی جس بارڈر بیلٹ کے گاوں واہگہ (میں رہتا ہوں وہاں داناؤں ہوش مندوں کی کمی نہ ہونے کے باجود یاسر سلطان کا میدان کھیل میں اترنا اور کامیاب رہنا اور اسے داد وتحسین سے نوازا جانا ہم سب کی کامیابی اور کامرانی کا اہم راستہ ہے ۔خدا کرے موصوف آئندہ دوڑ میں ایسی ہی لافانی کامرانیوں کا منہ دیکھے جس پر ہم بجا طور پر اظہار فخر شادمانی سے کرسکیں ۔ اس موقع پر روزنامہ بارڈر لائین اور روزنامہ سسٹم لاہور کی وساطت سے حکومت وقت سے یہ مطالبہ ضرور کریں گے کہ برکی ہڈیارہ روڈ کو یاسر سلطان میو کے نام منسوب کیا جائے تا کہ مستقبل میں کھلاڑیوں کا ارتقائی مقام انفرادی سطح پر سامنے آسکے اور کھلاڑی یہ محسوس کرسکے کہ میری محنت کو میری قوم اور میرے وطن کے باسیوں نے دلی طور پر سراہا ہے۔

خلوص قلبی کے ساتھ ان کی اس بڑی کامیابی پر **مُبارکباد** پیش کرتے ہیں
امید کامل رکھتے ہیں کہ مستقبل میں بھی ان کی کامیابی وکامرانی کا سلسلہ جاری رہے گا
فتح **یاسر سلطان میو** کی اور شکست مقابل کا مقدر بنتی رہے گی
ہماری دعائیں ان کے مستقبل کی کامیابیوں کیلئے جاری ہیں اور جاری رہیں گی



ارمغان نواب ناظم ایڈووکیٹ، فیضان نواب ناظم ایڈووکیٹ، چوہدری قمر زمان میو، چوہدری امام بخش میو، چوہدری جاوید قمر میو، چوہدری شیر محمد میو، چوہدری عرفان قمر میو